کل نمبر:25　　　اُردو(ششم)ٹیسٹ نمبر1　　　وقت:30منٹ

تیسرا مہینا، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس**: ماہانہ ٹیسٹ

سوال نمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (13)

1۔ محمد محمود عالم نے ایک منٹ میں جہاز گرائے:

(الف)	پانچ	(ب)	سات	(ج)	تین	(د)	دس

2۔ پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز ہے:

(الف)	ستارۂ جرأت	(ب)	نشانِ حیدر	(ج)	نشانِ پاکستان	(د)	تمغائے پاکستان

3۔ ٹینکوں کی بڑی لڑائی ہوئی:

(الف)	لاہور میں	(ب)	قصور میں	(ج)	سیال کوٹ میں	(د)	کھاریاں میں

4۔ زمانے میں سب سے بڑی طاقت ہے:

(الف)	فساد	(ب)	لڑائی	(ج)	دُوری	(د)	ملاپ

5۔ نااتفاقی کا نتیجہ ہوتا ہے:

(الف)	بربادی	(ب)	خوشی	(ج)	سکون	(د)	اضطراب

6۔ بکھر کر سُوکھ جاتی ہیں:

(الف)	بطخیں	(ب)	بُوندیں	(ج)	تِتلیاں	(د)	مچھلیاں

7۔ وہ حروف جو افسوس یا تاسف کے موقع پر بولے جاتے ہیں اُنھیں کہا جاتا ہے:

(الف)	حروفِ تاکید	(ب)	حروفِ استفہام	(ج)	حروفِ تاسف	(د)	حروفِ فجائیہ

8۔ قوتِ سماعت پر اثر انداز ہوتا ہے:

(الف)	خراب موسم	(ب)	آلُودہ پانی	(ج)	گاڑیوں کا دُھواں	(د)	شور

9۔ کورونا کی وبا پھیلی:

(الف)	وائرس سے	(ب)	بیکٹیریا سے	(ج)	مچھروں سے	(د)	مکھیوں سے

10۔ آلُودگی کی بڑی اقسام ہیں:

(الف)	چار	(ب)	تین	(ج)	پانچ	(د)	چھے

☆ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر11، 12اور13 کے جواب دیں۔

بھارتی فوج جگہ جگہ سے پاکستان پر حملے کر رہی تھی۔ لاہور کے علاوہ اُس نے قصور، سیال کوٹ اور دیگر علاقوں پر بھی حملے

کیے۔ سیال کوٹ میں بھارتی فوج نے پچاس ہزار فوجیوں اور پانچ سو ٹینکوں کے ساتھ حملہ کیا۔ اُس کا خیال تھا کہ پاکستانی افواج اتنی بڑی فوج کا مقابلہ نہیں کر سکیں گی۔ مگر یہ اُس کا خیال ہی رہا۔ یہاں دوسری جنگ عظیم کے بعد ٹینکوں کی سب سے بڑی لڑائی ہوئی۔

11۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	چڑیا کی نصیحت	(ب)	ہمارا ماحول اور آلودگی	(ج)	یومِ دفاعِ پاکستان	(د)	حفظانِ صحت

12۔ بھارتی فوج نے حملہ کیا:

(الف)	بیس ہزار فوجیوں کے ساتھ	(ب)	تیس ہزار فوجیوں کے ساتھ
(ج)	چالیس ہزار فوجیوں کے ساتھ	(د)	پچاس ہزار فوجیوں کے ساتھ

13۔ بھارتی فوج نے ....ٹینکوں کے ساتھ حملہ کیا۔

(الف)	پانچ سو	(ب)	چھے سو	(ج)	سات سو	(د)	آٹھ سو

حصہ دوم اور حصہ سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے (6) نمبر ہوں گے (12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر2: ''والدین کی خدمت'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر3: ''ایمان داری بہترین حکمت عملی ہے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر3: دوست کے نام خط لکھیں جس میں اُسے امتحان میں کامیابی کی مبارک باد دی گئی ہو۔

سوال نمبر4: شادی میں شمولیت کے لیے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست لکھیں۔